# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** متن روانی اور درست تلفظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، چار تھیلیاں، جھنڈے اور قائداعظم کی تصویر، گلو، خالی شیٹیں، خالی ڈبا، رنگ دار کاغذ الفاظ پر مشتمل پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔ اور ہر گروپ کو 1 تا 4 نمبر تفویض کریں۔
- پلاسٹک کی چار تھیلیاں لیں ان میں پاکستان کے جھنڈے اور قائداعظم کی تصویر کے چھ چھ ٹکڑے سادہ شیٹیں اور گلو بند کریں۔
- ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلائیں۔
- اور اسے تفویض کردہ نمبر کی تھیلی اُٹھانے کو کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی پر لکھا ہوا نام پڑھیں۔
- پھر گلو کی مدد سے اس کی تصویر کے ٹکڑے شیٹ پر چسپاں کر کے تصویر مکمل کریں۔
- اور اس کے بارے میں چند جملے سوچیں۔
- اس کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری ہر لیڈر کو بلا کر اس سے کہیں کہ وہ تصویر بورڈ پر چسپاں کر کے اس کا نام بتائے اور اس کے بارے میں چند جملے بولے۔
- درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کی پڑھائی میں ذہنی طور پر آمادگی کے لیے ان سے چند سوالات پوچھیں:

  الف: یوم آزادی سے کیا مراد ہے؟

  ب: آپ یوم آزادی کیسے مناتے ہیں؟
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبے میں رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ڈبا تیار کر لیں۔
- اس پر لکھیں "لفظی جیب"۔
- سبق "آؤ جھنڈیاں لگائیں" میں تلفظ سیکھیں میں دیئے گئے الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خیال رکھیں اور پرچیاں اس میں ڈال دیں۔
- بچوں کی جوڑیاں بنائیں اور لفظی جیب باری باری ان کے آگے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔

- اب ان سے کہیں کہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے الفاظ درست تلفظ سے پڑھیں۔
- بعدازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بلند خوانی کروائیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیں اور اس پر بنی تصویر کے بارے میں بات چیت کریں۔
- مثلاً تصویر کس بارے میں ہے؟ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟
- بچوں کے تین گروہ بنائیں اور ہر گروہ سے صفحہ نمبر 19 پر دیے گئے پیرا گراف کی متن خوانی کروائیں۔
- پڑھائی کے دوران کی جانے والی غلطیوں کو ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھیں۔
- دوران پڑھائی بچوں کو نہ ٹوکا جائے۔
- جب بچے متن مکمل کر لیں تو ان کی اصلاح کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے سبق کے متعلق سوالات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، نمبر کی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کی دہرائی کے لیے بچوں کے گروہ بنائیں۔
- اب چار پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔
- وہ ٹوکری باری باری چاروں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئی ہو گی وہ گروہ سبق کے انھی جملوں یا پیرا گراف کی بلند خوانی کرے گا۔
- پہلے بچوں کو خاموشی سے خود مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بعد ازاں بلند خوانی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام میں درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- مشکل الفاظ کو خط کشید کروائیں اور معانی واضح کریں۔
- جماعت میں ان بچوں سے پڑھائی کروائیں جن کی کل باری نہیں آئی تھی یا جو کلاس کی سرگرمی میں حصہ لینے سے کتراتے ہیں۔
- سبق سنتے وقت الفاظ کی درست ادائی پر خاص توجہ دیں۔
- غلط تلفظ والے الفاظ کو بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- پڑھائی کے دوران کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں۔
- سبق کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انھوں نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
- بچوں سے جوابات لینے کے بعد انھیں بتائیں کہ:
- کھیل انسان کو چاق و چوبند رکھتے ہیں۔
- کھیل کھیلنے سے انسان تن درست رہتا ہے اور مختلف بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) سبق کے نکات کا اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق سے متعلق سوالات پوچھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی پڑھائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، الفاظ پر مشتمل پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے آٹھ گروہ بنادیں۔
- سبق ''آؤ جھنڈیاں لگائیں'' کے ''نئے الفاظ'' سے الفاظ پرچیوں پر لکھیں۔
- پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- ہر گروہ میں باری باری ایک بچے کو بلائیں۔
- اور ایک پرچی اٹھانے کو کہیں۔
- اب انھیں ہدایت کریں کہ پرچی پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ سے پڑھیں اور اسکا معانی بتائیں۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست معانی بتانے والا گروہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے؟
- انھیں بتائیں اگر الفاظ کا درست مفہوم معلوم نہ ہو تو ہمیں بہت سی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ چونکہ ہر لفظ کا کائی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- اسی کی بنا پر ہم ایک دوسرے کی بات کو سمجھ پاتے ہیں۔
- کتاب میں نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے الفاظ کو بورڈ پر لکھیں۔ اور ان کے سامنے معانی کا ایک کالم بنالیں۔
- اب بچوں سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔
- ساتھ ساتھ معانی بھی لکھتے جائیں اور ان کی بلند خوانی کے ساتھ ساتھ خواندگی بھی کروائیں۔
- اب بچوں کے تین گروہ بنائیں۔
- اور الفاظ کی پرچیاں بنا کر ٹوکری میں ڈال دیں۔
- ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اسے ٹوکری میں سے کوئی بھی پرچی اٹھانے اور اپنی سیٹ پر جانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچی آئی ہے اس پر لکھا لفظ پڑھیں اور اس کے آگے معانی لکھیں۔
- بعدازاں الفاظ پر مبنی جملے پرچی کی دوسری جانب لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص دیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو الفاظ کے معانی کی دہرائی کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کے معانی پوچھیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| شناخت | |
| آباؤاجداد | |
| املاک | |
| تکریم | |
| لازوال | |
| قیمت چکانا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کلڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، گتے کا ڈبا، رنگ دار کاغذ، سوالات پر مشتمل پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کے چاروں اطراف رنگ برنگے کاغذ چڑھالیں اور اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- سبق ''آؤ جھنڈیاں لگائیں'' میں سے کوئی سے پانچ سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنالیں۔
- ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبے کی جو جیب اوپر کی جانب آئے اس جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اس پر لکھے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں دوسرے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- جو گروہ زیادہ سوالات کے جوابات دے گا، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق ''آؤ جھنڈیاں لگائیں'' سے متعلق سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنائیں۔
- انھیں ایک بار سبق کو خاموشی سے مطالعہ کرنے کی ہدایت دیں۔
- ایک گلاس میں پانچ مختلف رنگوں کی چٹیں رکھیں جن پر تفہیم میں پوچھے گئے سوالات لکھے ہوں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ایک چٹ اُٹھالے۔
- اسی طرح باقی چار گروہوں کے لیڈرز کو بلائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ چٹ پر لکھا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔
- انھیں سوچنے کا وقت دیں اور بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے جوابات کے لیے خالی جگہ چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی چٹ آئی ہے اسے تلاش کر کے اس کے نیچے جواب لکھیں۔

| |
|---|
| • درست جواب دینے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔<br>• سوالات کے جوابات مکمل ہونے پر ان کی بلند خوانی کروائیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے کاپیوں پر لکھے سوالات چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

سوال نمبر ۱: احسن کے ابا جان جشن آزادی کیسے مناتے تھے؟

---

سوال نمبر ۲: پاکستان کے لیے ہماری ذمہ داریاں کیا ہیں؟

---

سوال نمبر ۳: جشن آزادی کی خوشی میں چند لوگ کیا بھول جاتے ہیں؟

---

سوال نمبر ۴: جشن آزادی کے دن ہمیں کیا عہد کرنا چاہیے؟

---

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط/درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کلرز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، سوالوں پر مشتمل پرچیاں، جملوں کے کارڈز، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے سوالات بورڈ پر لکھیں۔ جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں ایک ایک سوال دیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور انھیں باہم مشورے سے جواب دینے کے لیے کہیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئیں اور بورڈ پر پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیں۔
- جماعت میں بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔
- انھیں سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں پہلے سے بتا دیں کہ مشق میں دیے گئے سوال (2 اور 3) سے متعلق ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔
- انھیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد سوال نمبر 2 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی چھے پرچیاں اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے چار چار ممکنہ جوابات لکھیں ہوں۔
- اب ایک ٹوکری میں چھے پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- باری باری یہ ٹوکری سارے گروہوں کے پاس لے جائیں اور ہر گروہ میں سے ایک بچہ ایک پرچی اُٹھالے۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ہدایت دیں کہ پرچی کھول کر اس کا سوال پڑھیں اور باہم مشورے سے اسکے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بورڈ پر بھی تمام سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- اب ہر گروہ سے ایک لیڈر بلوائیں اور ہدایت دیں کہ جس سوال کی پرچی اس کے پاس آئی ہو گی بورڈ پر آ کر اس سوال کو تلاش کرے اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب ہونے کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔

| |
|---|
| • اسی طرح یہ سر گرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔<br>• اگلی سر گرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں ہر گروہ کو غلط/درست فقرات پر مبنی ایک ایک کارڈ دیں جن کو پڑھ کر وہ درست اور غلط کی نشاندہی کر سکیں۔<br>• انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔<br>• اس دوران بورڈ پر وہی جملے لکھیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلوائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے جملوں میں دیکھے کہ اس کے پاس کون سا جملہ آیا ہے؟<br>• پھر جملے کی خواندگی کرتے ہوئے اس کے غلط یا درست ہونے کی نشان دہی کرے۔<br>• جماعت میں باقی گروہوں سے بھی سر گرمی مکمل کرواتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کو مختصراً دُہرائیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) سبق سے متعلق مختلف فقرات تھوڑے سے ردوبدل کر کے لکھیں اور بچوں کی فہم کو جانچنے کے لیے انھیں ان فقرات کی درستی کرنے کے لیے کہیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر اپنے ساتھیوں کے ساتھ اردو مباحثے میں حصہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر سوال نمبر 4 میں دیے گئے بے ربط جملوں کو ربط اور تسلسل قائم کر کے پڑھنے کو کہیں۔
- اس دوران میں بچے جہاں غلطی کریں ان کے گروہ میں سے کسی دوسرے بچے کو بلا کر جملے سنیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- بورڈ پر موضوع لکھیں۔ "۱۴ اگست کا دن ختم ہونے کے بعد جھنڈیوں کی حفاظت کیسے کرنی چاہیے"؟
- بچوں کو بتائیں پاکستان ہمارا پیارا ملک ہے اس کو حاصل کرنے کے لیے ہم نے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ اللہ تعالیٰ محنت کا پھل ضرور دیتا ہے یہی وجہ ہے کہ بہت سی قربانیوں اور دن رات کی ان تھک محنت کے بعد آخر کار ۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو پاکستان بن گیا۔ اس دن برصغیر کے مسلمان انگریزوں کی غلامی سے آزاد ہو گئے۔ اسی کامیابی کی خوشی میں ۱۴ اگست کو خاص تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ سرکاری اور نجی عمارتوں پر قومی پرچم لہرائے جاتے ہیں۔ گھروں کو بھی بچے جھنڈیوں سے سجاتے ہیں۔
- انھیں بتائیں جھنڈیوں یا پرچم کو زمین پر مت گرائیں۔ ہر قسم کی گندگی سے محفوظ رکھیں۔
- آگ یا کسی قسم کی نقصان دہ چیزوں سے پرچم کو محفوظ رکھیں۔
- انھیں بتائیں اگر ہم اپنے پرچم کی عزت نہیں کریں گے تو پھر اقوام عالم بھی اسے روندنے کے درپے ہوں گے لہٰذا اپنے پرچم کی ہر صورت حفاظت کرنی چاہیے اور ۱۴ اگست کے اختتام پر جھنڈیوں کو حفاظت سے اتار کر سنبھال کر رکھ لینا چاہیے تاکہ کسی قسم کی بے حرمتی نہ ہونے پائے۔
- بعد ازاں انھیں آپس میں موضوع سے متعلق بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں سے ایک ایک بچے کو بلائیں۔
- اور انھیں جماعت کے سامنے مباحثہ پیش کروائیں۔
- بہترین مقرر کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (۳ منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (۵ منٹ) بچوں سے پوچھیں کہ وہ ۱۴ اگست کے اختتام پر جھنڈیوں کی حفاظت کیسے کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** (۲ منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔